31-08-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

1- شنگھائی تعاون تنظیم SCO سربراہ کانفرنس چین کے شہر Tianjin میں آج شروع ہو رہی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے اور دوطرفہ میٹنگیں کریں گے۔

2- وزیر اعظم، آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر ”من کی بات“ پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

3- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی دفاع کے شعبے میں خود کفالت حاصل کرنے کی کوشش ملک کی خود مختاری اور سا لمیت کے لیے نہایت اہم ہے۔

4- حوثی گروپ نے، تصدیق کی ہے کہ اُس کے وزیر اعظم Ahmed al-Rahawi یمن میں اسرائیل کے فضائی حملے میں ہلاک ہو گئے۔

5- اور بھارت نے قزاخستان کے Shymkent میں 16 ویں ایشیائی نشانے بازی چیمپئن شپ میں تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا ہے۔ وہ چیمپئن شپ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ سونے کے 50 تمغے جیت کر سرِفہرست رہا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. PM China

شنگھائی تعاون تنظیم SCO کے سربراہانِ مملکت کونسل کا 25 واں اجلاس آج چین کے شہر Tianjinمیں شروع ہوگا۔ وزیر اعظم نریندر مودی سربراہ کانفرنس میں شرکت کرنے کے لیے Tianjinپہنچ گئے ہیں۔ اس دو روزہ سربراہ کانفرنس میں 20 سے زیادہ ملکوں کے اعلیٰ رہنما اور 10 بین الاقوامی تنظیموں کے سربراہ شرکت کر رہے ہیں۔ چین کی صدارت میں، سال 2025 کو پائیدار ترقی کا SCO سال قرار دیا گیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Ritesh Kapoor

شنگھائی کے جذبے کو برقرار رکھتے ہوئے ”شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی پیشرفت“ کے موضوع پر شنگھائی تعاون تنظیم کا دو روزہ اجلاس آج Tianjin میں شروع ہو رہا ہے۔ وزیر اعظم

نریندر مودی کل Tianjin پہنچے، جہاں ہوائی اڈّے سے ہوٹل تک ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ بڑی تعداد میں لوگ وزیر اعظم کو دیکھنے اور ملنے کے لیے جمع ہوئے۔ اس موقع پر بھارتی موسیقی کے معروف اساتذہ سے تربیت یافتہ چینی نژاد فنکاروں نے بھارتی سازوں کے ساتھ روح پرور کلاسیکی موسیقی پیش کی، جس نے استقبالیہ تقریب کو یادگار بنا دیا۔

اس سربراہ کانفرنس میں SCO کی گزشتہ 25 سال کی کامیابیوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ اس کے علاوہ آئندہ دس سال کے لیے ترقیاتی حکمتِ عملی وضع کی جائے گی اور اہم معاملات پر غور و خوض کیا جائے گا، جن میں علاقائی سلامتی، باہمی روابط، پائیدار ترقی، انسداد دہشت گردی اور ثقافتی تعاون شامل ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی سرگرم شرکت سے بھارت کے رول کو مزید تقویت فراہم ہونے اور رکن ممالک کے درمیان باہمی تعاون اور اظہارِ یکجہتی کو نئی رفتار ملنے کی توقع ہے۔

تیانجن سے رِتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

## PM Bilateral

وزیراعظم نریندر مودی آج چین کے شہر Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم کے ممبر مملوں کے رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ میٹنگیں کریں گے۔

وزارت خارجہ میں مغربی امور کے سکریٹری Tanmay Lal نے کہا کہ SCO تین لعنتوں دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کی روک تھام کرنے کے مقصد سے قائم کیا گیا تھا، جو آج بھی ایک چیلنج بنا ہوا ہے۔ ایک علاقائی پلیٹ فارم کے طور پر SCO ممبران کے درمیان وسیع شعبوں میں تعاون پایا جاتا ہے۔

Byte: Tanmay Lal

بھارت SCO کا 2017 سے رکن ہے۔ 2022-23 کے درمیان بھارت نے SCO کے سربراہان مملکت کونسل کی صدارت کی ذمہ داری بھی نبھائی تھی۔

SCOمیں دس ممبر ممالک ہیں۔ بھارت کے علاوہ ان میں بیلاروس، چین، ایران، قزاخستان، کرخستان، پاکستان، روس، تاجکستان اور اُزبیکستان شامل ہیں۔x

## PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر "من کی بات" پروگرام میں ملک اور بیرون ملک لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 125 واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک، AIRنیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر کیا جائے گا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ آکاشوانی ہندی نشریے کے فوراً بعد اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں بھی نشر کرے گا۔x

Rev.Rajnath Defence Conclave

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے زور دے کر کہا ہے کہ دفاع کے شعبے میں خود کفالت محض ایک متبادل نہیں، بلکہ ملک کی ترقی اور بقا کے لیے لازمی شرط ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا ماننا ہے کہ خود کفیل بھارت ہی ملک کی اسٹریٹجک خود مختاری اور سا لمیت کو محفوظ رکھ سکتا ہے۔ وزیر دفاع نے یہ بات کل نئی دلّی میں ایک دفاعی کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

S/B - Rajnath Singh Self Reliance

آپریشن سندور کی کامیابی کو اجاگر کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ یہ آپریشن ملک کی بڑھتی ہوئی دیسی دفاعی صلاحیتوں کی ایک درخشاں مثال ہے۔

انہوں نے کہا کہ پاکستانی ٹھکانوں پر ملک میں ہی تیار کیے گئے آلات کا استعمال کرتے ہوئے مسلح افواج کے درست حملوں نے یہ ثابت کر دیا کہ کوئی بھی مشن بصیرت، طویل تیاری اور تال میل کے بغیر کامیاب نہیں ہوسکتا۔

انہوں نے کہا کہ بظاہر آپریشن سندور چند دنوں کی جنگ اور پاکستان پر بھارت کی فتح کی کہانی لگتا ہے، لیکن اس کے پیچھے برسوں کی اسٹریٹجک تیاری اور دفاعی منصوبہ بندی شامل ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ملک کی افواج کی محنت اور ملک میں ہی تیار کیے گئے دفاعی سازوسامان پر انحصار نے اس آپریشن کو مؤثر اور فیصلہ کن طور پر کامیاب بنایا۔

سُدرشن چکر مشن کو ملک کے مستقبل کی سکیورٹی کے لیے ایک انقلابی تبدیلی لانے والا قرار دیتے ہوئے جناب راجناتھ سنگھ نے کہا کہ اس مشن کا مقصد دفاعی اور جارحانہ دونوں ٹکنالوجیز کا استعمال پورے ملک میں اہم مقامات کو مکمل فضائی تحفظ فراہم کرنا ہے۔×

Rev.Amit Shah Gujrat

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج اپنے لوک سبھا حلقے گاندھی نگر میں نئے سرے سے تیار کردہ ایک باغ اور دو نئے تعمیر شدہ شہری صحت مراکز کی عمارتوں سمیت احمد آباد میونسپل کارپوریشن AMC کے مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔

جناب شاہ آج شام احمد آباد میونسپل کارپوریشن کے "مشن ملین پروجیکٹ" کے حصے کے طور پر دو شجرکاری مہم میں بھی حصہ لیں گے۔ اس کے علاوہ وہ گاندھی نگر شہر میں ایک سرکاری پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے اور جلسہئ عام سے خطاب کریں گے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Houthis PM Killed

یمن کے حوثی گروپ نے کہا ہے کہ اس ہفتے کے اوائل میں راجدھانی صنعاء پر اسرائیل کے فضائی حملوں میں حوثی گروپ کی حمایت والی سرکار کے وزیر اعظم Ahmed al-Rahawi اور دیگر کئی وزراء ہلاک ہو گئے۔ یہ عہدیداران پچھلے ایک سال کے دوران سرکار کے کام کاج

کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ ایک ورکشاپ کے دوران نشانہ بنائے گئے۔ حوثی گروپ نے مزید کہا ہے کہ اسرائیل کے فضائی حملوں میں کئی دیگر وزراء زخمی بھی ہوئے تھے، جن کا علاج اسپتال میں چل رہا ہے۔ حوثی گروپ نے کہا کہ حکومت کا کام کاج جاری رہے گا اور اسرائیل کے خلاف جلد ہی جوابی حملہ کیا جائے گا۔ حوثیوں نے 2014 میں صنعاء پر قبضہ کر لیا تھا اور بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ یمن کی سرکار کو عدن میں محصور کر دیا تھا۔

اسرائیل کے فضائی حملوں میں صنعاء کے کئی علاقوں کو نشانہ بنایا گیا۔ اِن حملوں میں کم سے کم 10 افراد ہلاک اور 102 دیگر زخمی ہو گئے۔x

## GDP Reactiions

اقتصادی ماہرین نے رواں مالی سال کی اپریل تا جون سہ ماہی میں بھارت کی شرح ترقی میں زبردست اضافے کی ستائش کی ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ ملک کی معیشت تمام تر توقعات سے تجاوز کر گئی ہے۔

ماہرِ اقتصادیات پروفیسر یشویر تیاگی نے کہا کہ بھارتی معیشت کی کارکردگی توقعات سے کہیں زیادہ بہتر رہی ہے، سات اعشاریہ آٹھ فیصد کی ترقی پہلے کے اندازوں سے نمایاں طور پر زیادہ ہے، جو ایک مثبت علامت ہے۔

سوراشٹر یونیورسٹی راجکوٹ کے اقتصادیات کے شعبے میں ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر سریش جی Paradvaکے مطابق مانسون کی اچھی بارش اور زرعی پیداوار میں نمایاں اضافے کے سبب GDPمیں خاطر خوا ترقی ہوئی ہے۔

بھارت کی GDP گذشتہ سال کی چوتھی سہ ماہی میں 7 اعشاریہ 4 فیصد تھی، جبکہ سال بہ سال کی بنیاد پر موجودہ پہلے سال کی سہ ماہی میں نمایاں اضافے کے ساتھ یہ 7 اعشاریہ 8 فیصد ہوگئی ہے۔x

## RBI Indian Economy

ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر سنجے ملہوترا نے کہا ہے کہ بھارت جلد ہی دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا اور انھوں نے ملک کی ترقی کو بڑھانے کا سہرا، پردھان منتری جن دھن یوجنا کو دیا۔ اُن کا یہ تبصرہ ایسے وقت میں آیا ہے جب بھارت کی GDP رواں مالی سال کی اپریل تا جون سہ ماہی میں بڑھ کر 7 اعشاریہ 8 فیصد ہوگئی ہے۔ یہ اضافہ پانچ سہ مائیوں میں سب سے زیادہ ہے۔

اِندور کے Rangwasa گاؤں میں سرکاری بینکوں کی مالی شمولیت مہم "Santripti Shivir" سے خطاب کرتے ہوئے جناب ملہوترا نے کہا کہ مرکزی حکومت اور RBI نے 11 سال پہلے بینکوں کے ساتھ مل کر جن دھن یوجنا شروع کی تھی، جس سے ملک بھر میں ترقی ہوئی ہے۔x

## Punjab Flood

پنجاب، 1988 کے بدترین سیلاب کے بعد سے تاریخ کے سب سے تباہ کُن سیلاب کا سامنا کر رہا ہے۔ ریاست کے باندوں میں پانی کی سطح خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہے، جس کی وجہ سے صورتحال اور زیادہ بدتر ہوگئی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Rajesh Bali

پنجاب کے آبی وسائل کے وزیر Barinder کمار گوئل نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ملحقہ ریاستوں سے پانی کے بڑے پیمانے پر بہاؤ نے صورتحال کو تباہی میں بدل دیا ہے۔

اب تک پنجاب کے ایک ہزار 18 گاؤں سیلاب کی زد میں آ چکے ہیں۔ صرف گرداس پور میں ہی اِن کی تعداد سب سے زیادہ 323 ہے۔ ساٹھ ہزار ہیکٹیئر سے زیادہ آراضی سیلاب کی زد میں ہونے کے سبب فصلوں اور مویشیوں کو نقصان پہنچنے کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر مالی نقصان ہوا ہے۔

سرکاری ذرائع کے مطابق گرداس پور، فیروز پور، فاضلکا، کپورتھلہ اور امرتسر سمیت سیلاب سے متاثر ضلعوں سے اب تک کُل گیارہ ہزار 330 افراد کو بچایا جا چکا ہے۔

فوج، فضائیہ، BSF، NDRFاور پنجاب پولیس اور رضاکارانہ تنظیموں سمیت پنجاب پولیس سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بڑے پیمانے پر راحت اور بچاؤ مہم چلا رہی ہے۔

تمام اعلیٰ بیوروکریٹس کے ساتھ پوری کابینہ لوگوں کی حفاظت کے لیے فوری نگرانی اور کارروائی کر رہی ہے۔x

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے لیے خبرنامے کے لیے میں..........

HP Weather

ہماچل پردیش میں مانسون ابھی بھی سرگرم ہے اور محکمہٴ موسمیات نے آج ریاست کے کچھ علاقوں میں شدید بارش کے لیے الرٹ جاری کیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Prabha Sharma

ریاست کے قدرتی آفات سے متاثرہ ضلعوں میں سڑک رابطے کو بحال کرنے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ چمبا - بھرمور سڑک کو Kalsui اور Rajera تک بحال کردیا گیا ہے اور Manimaheshیاترا کے دوران پھنسے ہوئے عقیدتمندوں کو اُن کی منزلوں تک پہنچایا جا رہا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی Jot روڈ کو بھی نقل و حمل کی آمدروفت کے لیے کھول دیا گیا ہے۔

دوسری جانب قبائلی ضلع لاہول اسپتی میں Pagal Nala کے راستے نقل و حمل کو بحال کردیا گیا ہے اور Kaza کی جانب سے بڑی گاڑیوں کو جانے کی بھی اجازت دی جا رہی ہے۔ Pagal Nalaکے کھلنے سے اٹل ٹنل سے Keylong کے لیے چار تیل ٹینکروں کو بھی روانہ کردیا گیا ہے۔

Aleoروڈ کو Rohtang پاس کے ذریعے چھوٹی گاڑیوں کے لیے کھول دیا گیا ہے۔

کُلّو منالی روڈ کو بھی ٹریفک کے لیے کھولنے کے لیے جنگی سطح پر کام جاری ہے۔ لاہول سے ٹرکوں کی آمدروفت بھی آج سے شروع ہوجائے گی۔

شملہ سے پربھا شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں........

IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات نے راجستھان، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آج تیز سے شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے، جبکہ آسام، میگھالیہ، چھتیس گڑھ، آندھراپردیش اور کرناٹک میں اگلے دو سے تین دن اسی طرح کی بارش کی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ہے۔

محکمے نے انڈمان اور نکوبار جزائر کے ساتھ ساتھ بہار، مغربی بنگال، جھارکھنڈ، اُڈیشہ اور تلنگانہ میں بھی آج گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔×

Shooting Asian Championship

قزاخستان کے شہر Shymkent میں 16 ویں ایشیائی نشانے بازی چیمپئن شپ میں بھارت نے تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا ہے۔ بھارت، چیمپئن شپ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ سونے کے 50 تمغے جیت کر سرِ فہرست ہے۔ اُس نے چاندی کے 26 اور کانسے کے 23 تمغوں سمیت مجموعی طور پر 99 تمغے جیتے ہیں۔ میزبان قزاخستان تمغوں کی فہرست میں دوسرے مقام پر، جبکہ چین تیسرے مقام پر ہے۔ بھارت کے انکور متّل نے کل چیمپئن شپ کے آخری دن شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مردوں کے ڈبل ٹریپ مقابلے میں سونے کا تمغہ جیت کر عالمی ریکارڈ قائم کیا۔×

US Open Tennis

امریکی اوپن ٹینس کے مردوں کے ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں بھارت کے یُوکی بھامری اور نیوزیلینڈ کے مائیکل Venus نے امریکی جوڑی Marcos Giron اور Learner Tien 2 کو دو۔ صفر سے ہرا دیا۔

اِس سے پہلے مردوں کے ڈبلز میں بھارت کے Anirudh چندر شیکھر اور وجے پرشانت کی جوڑی نے آٹھویں سیڈ کے Chiristain Harrison اور Evan King کی امریکی جوڑی کو دو۔ایک سے ہرایا۔

آج دوسرے راؤنڈ میں بھارتی جوڑی کا مقابلہ برازیل کے Fernando Romboli اور آسٹریلیا کے

John Patrick Smith کی جوڑی سے ہوگا۔

خواتین کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں دفاعی چیمپین Aryna Sabalenka کا مقابلہ اسپین کی Cristina Bucsa سے ہوگا۔

جبکہ امریکہ کی جیسیکا پیگولا اپنی ہم وطن Ann Li سے مقابلہ کریں گی۔ اِس دوران سابق چیمپین Naomi Osakaاور امریکی کھلاڑی Coco Gauffسے ہوگا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......آسیہ میمونہ

شکریہ - شبانہ

آج راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے جاپان کے دورے کی تکمیل اور چین کے دورے کے آغاز کو اولین شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب اور راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے: وزیراعظم جاپان کے کامیاب دورے کے بعد شنگھائی تعاون تنظیم SCO چوٹی کانفرنس میں شرکت کے لیے چین پہنچے۔

یوکرین کے صدر ولودومیرزیلنسکی سے فون پر بات کی۔ جناب مودی کی جن پنگ اور پوتن سے ملاقات پر دنیا کی نظریں۔

جبکہ روزنامہ ملاپ کی اہم سرخی ہے: رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں بھارت کی GDP میں تیزی سے اضافہ GDP 7 اعشاریہ 8 فیصد پر پہنچ گئی۔ بھارت دنیا بھر میں سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشت کے طور پر ابھر رہا ہے۔

اخبارات کی دوسری اہم خبر ہے۔ ٹرمپ کی بین الاقوامی اقتصادی حکمت عملی کو بڑا دھچکا۔ امریکی عدالت نے ٹیرف کو بتایا غیر قانونی۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے بیان کو اپنی سرخی بنایا ہے کہ دفاعی شعبے میں بقا اور ترقی کے لیے خود انحصاری ضروری۔

روزنامہ پرتاپ کی ایک دیگر خبر ہے: حکومت نے کہا ہے کہ بھارت صحت کے کفایتی اور آسانی سے فراہمی پر مبنی نظام کے لیے تیار۔

اخبارات کی دیگر سرخیاں ہیں:

_ وزیراعظم مودی کے میک اِن انڈیا کے تحت الیکٹرانکس کی پیداوار میں 6 گنا اضافہ ہوا۔ اشونی ویشنو

_ شمال مشرقی ریلوے تہواروں کے 150 پوجا اسپیشل ٹرینیں چلائے گا۔ ترجمان شمالی ریلوے

_ ملک کے کئی حصوں میں شدید بارش کی وارننگ: محکمہ موسمیات

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- شنگھائی تعاون تنظیم SCO سربراہ کانفرنس چین کے شہر Tianjin میں آج شروع ہو رہی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے اور دوطرفہ میٹنگیں کریں گے۔

2- وزیر اعظم، آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر ”من کی بات“ پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

3- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی دفاع کے شعبے میں خود کفالت حاصل کرنے کی کوشش ملک کی خود مختاری اور سا لمیت کے لیے نہایت اہم ہے۔

4- حوثی گروپ نے، تصدیق کی ہے کہ اُس کے وزیر اعظم Ahmed al-Rahawi یمن میں اسرائیل کے فضائی حملے میں ہلاک ہو گئے۔

5- اور بھارت نے قزاخستان کے Shymkent میں 16 ویں ایشیائی نشانے بازی چیمپئن شپ میں تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا ہے۔ وہ چیمپئن شپ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ سونے کے 50 تمغے جیت کر سرِفہرست رہا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------